تبصرہ کتب

خطاؤں کا آئینہ

تالیف: صالح بن عبدالعزیز آل شیخ

مترجم: سلیم اللہ زماں

اعداد و اضافہ: محمد طاہر نقاش

تبصرہ نگار: محمد رمضان یوسف سلفی

صفحات: 256 قیمت: 120

ناشر: دارالابلاغ پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز لاہور

مضبوط جلد، خوبصورت ٹائٹل، معیاری طباعت۔

ایک مسلمان کیلئے لازم ہے کہ وہ اپنی زندگی کے ہر معاملے میں چاہے اس کا تعلق عبادات سے ہو، حقوق و معاملات سے یا رہن سہن سے ہو فقط قران و سنت سے راہنمائی لے اور انہی ہدایات کے مطابق عمل کرے جیسا اسے کتاب و سنت سے حکم دیا جاتا ہے امر واقعہ یہ ہے کہ ہم مسلمان ہونے کے باوجود بعض امور میں صحیح طریقے سے عمل نہیں کرتے اور عبادات و معاملات میں ایسی غلطیاں کر جاتے ہیں جو قابل مواخذہ ہیں۔ پیش نگاہ کتاب میں لائق مصنف نے اس حقیقت کو سامنے رکھ کر ہمیں خطاؤں کا ایسا آئینہ دکھایا ہے جس میں جھانک کر ہم اپنی عبادات میں پائی جانے والے خطاؤں کی بہتر طریقے سے اصلاح کر سکتے ہیں۔ کتاب بہت سے اہم مسائل کا احاطہ کئے ہوئے ہے اس میں توحید، مسائل عبادت، نماز، دعا، جمعۃ المبارک، زکوٰۃ، روزہ، حج بیت اللہ، خرید و فروخت، سفر، صلہ رحمی، شادی بیاہ، زبان، لباس، غیر مسلموں سے مشابہت، گھریلو خطائیں، کھانے اور پینے، احکام جنازہ، محافل و پروگرامز میں وقوع پذیر ہونے والے غلطیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے عمدہ پیرائے میں ان کی اصلاح کی طرف توجہ دلائی گئی ہے۔ بلاشبہ یہ کتاب توحید کے اثبات شرک و بدعت کی نکیر اور اتباع سنت کی ترغیب میں قابل قدر کاوش ہے۔ کتاب میں قرآنی آیات اور احادیث صحیحہ کو جابجا درج کیا گیا ہے اور احادیث کا مکمل حوالہ لکھ دیا گیا ہے۔ بعض مسائل میں مصنف کے ہاں تشدد بھی پایا جاتا ہے جیسا کہ انہوں نے فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنے کو خطاء میں شمار کیا ہے۔ ایسے مسائل میں جہاں سنت سے شواہد ملتے ہوں اس طرح کی سختی نامناسب ہے۔ ہمیشہ اعتدال کی راہ کو اختیار کرنا چاہئے۔ الدین یسر دین تو آسان ہے۔ بہر حال اس طرح کے چند مسائل کو چھوڑ کر یہ ایک عمدہ اور معلوماتی کتاب ہے۔ مولانا مبشر احمد ربانی اور بھائی طاہر نقاش کی نظر ثانی اور حک و اضافہ نے اس کتاب کی افادیت کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ ہر مسلمان بھائی کو چاہئے کہ اس آئینہ کو دیکھ کر اپنی عبادات اور معاملات کو درست کرے۔

میں نماز کیوں پڑھتا ہوں

تالیف: الشیخ عبدالرؤف الحناوی

اردو ترجمہ: سلیم اللہ زماں

نظر ثانی و اضافہ: محمد طاہر نقاش

ہمارے فاضل دوست و محترم مولانا طاہر نقاش صاحب نے اپنے ادارہ دارالابلاغ کی طرف سے چھوٹی بڑی کئی کتب شائع کی ہیں۔ وہ فکر انگیز موضوعات پر معیاری لٹریچر شائع کر کے اچھے طریقے سے خدمت دین کا فریضہ ادا کر رہے ہیں۔ پیش نگاہ کتاب بھی اسی سلسلہ زیب کی اہم کڑی ہے۔ اس میں نماز کی اہمیت و فضیلت اور فرضیت پر گفتگو کی گئی ہے۔ اور اچھوتے اسلوب میں نماز کے فوائد و ثمرات بیان کر کے بے نمازوں کے بودے دلائل کا رد کیا ہے۔ نماز سے غافل مسلمانوں کیلئے یہ تازیانہ عبرت ہے۔ 56 صفحات پر مشتمل یہ کتاب اپنے موضوع پر بہت عمدہ ہے قیمت نہایت مناسب جبکہ پرنٹنگ، کاغذ، اور ٹائٹل بہت اچھا جاذب نظر۔

نیکی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے میں خواتین کی ذمہ داری

مولف: پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

تبصرہ نگار: عابد محمود قدوسی

صفحات: 329 قیمت: 150 روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ، غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور فون: 7351124

تذکیر...... تعمیر انسانیت میں خشت اول کی